ائیرپورٹ کا دورہ، ازبکستان کے سفارتخانے کے تھرڈ سیکرٹری اویبک کمباروف کی جانب سے سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ کا دورہ کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین سیال حسن علی بھٹی، وائس چیئرمین سیال فراز اکرم اعوان اور سی ای او سیال ائیر وائس مارشل ریٹائرڈ تنویر اشرف بھٹی نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ معزز مہمان کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں باہمی تعاون کو بڑھانے، ازبکستان اور سیالکوٹ کے درمیان ممکنہ تجارتی اور سفری ہم آہنگی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ سفارتی اور اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس موقع پر چیئرمین سیال حسن علی بھٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ازبکستان میں ایک مثالی دوستی ہے اور سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ مستقبل میں ازبکستان کی ائیرلائن کو بھی سیالکوٹ سے بین الاقوامی پروازوں کیلئے ہر ممکن معاونت فراہم کرے گا۔ مزید برآں سی ای او سیال کی جانب سے معزز مہمان کو سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بعد از وائس چیئرمین سیال کی جانب سے معزز مہمان کو اعزازی شیلڈ بھی دی گئی۔ معزز مہمان کی جانب چیئرمین، وائس چیئرمین اور سی ای او کا شکریہ ادا کیا گیا اور مستقبل قریب میں تعلقات اور باہمی اشتراک کو مزید بہتر بنانے کی امید کا اظہار کیا۔

بقیہ 6

انعقاد کو ملک کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا فورم میں مختلف امور پر سیر حاصل گفتگو ہوئی ہے۔ فورم میں آئے طلبا کو کان کنی سے متعلق بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔ انہوں نے کہا پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے۔ فورم کا مقصد پاکستان کے معدنی شعبہ میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کرنا تھا۔ پرائیویٹ پبلک سیکٹر کے الحاق سے کان کنی کے شعبہ کو ترقی ملے گی۔ معدنی وسائل میں سرمایہ کاری کے حوالے سے کان کنی کا شعبہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا دنیا بھر سے آئے مندوبین کی میزبانی کر کے خوشی ہوئی۔ ہم بیرونی سرمایہ کاروں کے لئے محفوظ سرمایہ کاری ماحول کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ ہم اپنے معدنی وسائل کو ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لئے استعمال کریں گے۔

بقیہ 7

دیا گیا' تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ گورونانک گریجویٹ کالج برائے خواتین میں پری فرسٹ ایئر کی کلاسز کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس موقع پر کالج کی پرنسپل مسز آصفہ رشید نے عوام کے لیے خصوصی پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہماری عوام دوست حکومت، وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی جانب سے فراہم کردہ ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ اسکیم سے فائدہ اٹھانے کا یہ ایک بہترین موقع ہے۔ طلبہ ان سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھا کر اپنے تعلیمی مستقبل کو روشن بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ادارہ ہذا ایک کشادہ عمارت اور وسیع و عریض گراؤنڈ پر مشتمل ہے جہاں طلبہ کو محفوظ ماحول کے ساتھ معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ کالج میں فزکس، کیمسٹری، بائیولوجی اور زوالوجی کی جدید لیبارٹریز، بہترین کمپیوٹر لیب، مسجد، پینے کے صاف پانی کا انتظام، معیاری کینٹین، ٹرانسپورٹ کی سہولت، اور وسیع لائبریری موجود ہے جہاں طلبہ اپنی تعلیمی اور تحقیقی ضروریات پوری کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ باصلاحیت اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر طالبات کی تعلیم اور تربیت پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں تاکہ انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کیا جا سکے۔

بقیہ 8

کے بجائے آگ لگانے لگے، کچرے کو لگی آگ نے ماحول کو زہریلا کر دیا ہسپتال کے مریضوں اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا۔ شہریوں کا صفائی کروانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق اٹھارہ ہزاری میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث صفائی عملہ کچرا ٹھکانے لگانے کے بجائے اُسے جلانے لگا ہے جس سے نہ صرف شہر کا حسن متاثر ہو رہا ہے بلکہ شہریوں کی صحت کو بھی شدید خطرات لاحق ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں اور گلی محلوں میں کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ روڈو سلطان میں آر ایچ سی کی بیرونی دیوار کے ساتھ پڑے کچرے کو عوام نے خود آگ لگا دی، جس سے زہریلا دھواں فضاء کو متاثر کرنے لگا فضاء میں زہریلے دھوئیں پھیلنے سے عوام میں مختلف بیماریاں جنم لینے لگی ہیں عوام میں دمہ، سانس کی بیماریاں اور آنکھوں میں جلن جیسے بیماریاں عام ہو رہی ہیں۔ حکومت پنجاب نے فصلوں کی باقیات یا کچرے کو آگ لگانے پر پابندی لگا رکھی تھی جبکہ ماحولیاتی ماہرین کے مطابق کچرا جلانے سے گلوبل وارمنگ میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ دوسری جانب شہریوں کا کہنا ہے کہ وہ متعدد بار شکایات درج کرا چکے ہیں مگر متعلقہ ادارے خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں۔ فصلوں اور کچرے کو جلانے پر سرکاری پابندی کے باوجود اس کی کھلی خلاف ورزی کی جا رہی ہے، جس سے حکومتی دعوے صرف کاغذی کارروائی تک محدود نظر آتے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نہ صرف ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے بلکہ صفائی کے نظام کو بہتر بنا کر عوام کو اس ماحولیاتی آلودگی سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 9

ڈے کا اہتمام، تقریب میں اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عثمان اصغر کی سربراہی میں مرکز کے درجنوں سکولوں کے طلباء و طالبات نے شرکت کی، تفصیلات کے مطابق پنجاب کلچرل ڈے کے حوالے سے گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بیواں مرکز مصطفیٰ آباد میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی قصور کے زیراہتمام و انتظام مرکز مصطفیٰ آباد کے سکولوں کے درمیان بیت بازی، پنجابی تقریر، کلگیر انی، پنجابی لباس اور بلھے شاہ اور دیگر پنجابی صوفی شعراء کے کلام پر مبنی شاعری پر مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عثمان اصغر کی سربراہی میں مرکز کے درجنوں سکولوں کے اساتذہ کے ساتھ آئے طلباء و طالبات نے مقابلوں میں شرکت کی ان مقابلوں میں گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول رائے کلاں کے ہیڈ ماسٹر حماد ازور، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ستو کی سے محمد یعقوب اور گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتوہ کے ہیڈ ماسٹر احمد شاکر نے ججز کے فرائض سر انجام دیئے، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر مصطفیٰ آباد عثمان اصغر نے کلچرل ڈے کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی علاقے میں بسنے والوں کی اصل پہچان اس علاقے کا کلچر ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ پنجاب کا کلچر بہت قدیم اور خوبصورت ہے لیکن دور حاضر میں پنجاب کے لوگ اپنے کلچر سے دور ہوتے جا رہے ہیں اس دن کو منانے کا مقصد یہی ہے کہ پنجاب کی نئی نسلیں اپنے کلچر کو اپنائیں اور اپنی ماں بولی پنجابی زبان سمیت اپنے پنجاب کے کلچر کو پروان چڑھائیں۔

بقیہ 10

مسئلہ کشمیر ایک عالمی معاملہ ہے، دنیا بھر میں مسئلہ کشمیر کو از سر نو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ کشمیریوں کے وفود باہر بھیجے جائیں۔ کشمیر کے معاملے پر اپوزیشن اور حکومت کے ساتھ ساتھ پوری قوم ایک پیج پر ہے، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی عین امنگوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کا حل نکالا جانا چاہیے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے زیراہتمام کشمیر مذمت کے عنوان سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا مسئلہ کشمیر ایک عالمی معاملہ ہے۔ جس کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ضروری ہے۔ موجودہ آل پارٹیز کانفرنس میں بھی سب کے سامنے ایک ہی مقصد ہے۔ انہوں نے کہا میں نے مصری یونیورسٹیز میں جا کر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹیز میں کہا گیا کہ ہم نے کشمیر کے مسئلہ کو کئی سالوں بعد سنا۔ انہوں نے کہا کشمیر کے حوالے سے ڈویلپمنٹ کو عالمی سطح تک لے جانے کی ضرورت ہے۔ آج کی کانفرنس کا ایک ڈاکومنٹ بنا کر وزیر خارجہ کے ذریعے اقوام متحدہ کو بھیجا جائے گا۔ ہمیں عالمی سطح پر کشمیر کے مسئلہ کو اٹھانا ہوگا۔ جو بھی تجاویز آئی ہیں انکو بھی ڈاکومنٹ میں شامل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ڈاکومنٹ عالمی کانفرنسوں میں بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔ ڈاکومنٹ کو وفد کی صورت میں وزیر خارجہ کو پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی صحافیوں سے ملاقات میں پوچھا انڈیا کا اٹوٹ انگ کشمیر کب بنا۔ میں نے ان سے کہا میں کل تک یہاں ہوں مجھے بتائے کہ کب بنا۔ جس پر بھارتی صحافی ہمیں جواب نہیں دے سکا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پر لاجک کی کوئی کمی نہیں۔ کشمیر کے حوالے سے جامع پالیسی اور مضبوط موقف رکھنا چاہیے۔

بقیہ 11

و بہبود، حقوق کے تحفظ، اور تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر عبدالسلام انصاری نے کہا کہ بلدیہ ملازمین کے مسائل کو باہمی اتحاد و اتفاق سے ہی حل کیا جا سکتا ہے۔ ہم نے مل جل کر اپنے ملازم بھائیوں کا ساتھ دینا ہے اور ان کے مسائل میں ان کا بازو بننا ہے۔ اجلاس سے چیئرمین حافظ محمد زکریا خاں نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونین کی سطح پر ذاتی، مذہبی و سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر صرف اور صرف ملازمین کی خدمت کو مقصد بنانا ہوگا۔ اُن کا کہنا تھا کہ تنظیمی اتحاد ہی ترقی و فلاح کی بنیاد ہوتا ہے۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری ملک حیدر بشیر نے یونین کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے قلیل مدتی رابطہ کمیٹی کے قیام کی قرارداد پیش کی، جسے متفقہ طور پر منظور کیا گیا۔ عبدالسلام انصاری کو اس کمیٹی کا کنوینیئر مقرر کیا گیا۔ اجلاس کے دوران فنانس سیکرٹری محمد عزیز نے فنانس رپورٹ پیش کی جس میں بتایا گیا کہ یونین نے ایک مرحوم ملازم کے اہل خانہ کو 50 ہزار روپے جبکہ ایک ملازم کی سائیکل چوری پر 10 ہزار روپے کی مالی امداد فراہم کی۔ اجلاس میں یہ امر سراہا گیا کہ تنظیمی اخراجات عہدیداران نے ذاتی حیثیت میں برداشت کیے۔ اجلاس میں سرپرست اعلیٰ چوہدری عامر فرمان گجر، سرپرست چوہدری شمشاد رسول، ملک اللہ دکھا، وائس چیئرمین رانا سیف اللہ خاں، سینیئر نائب صدر محمد اختر بلوچ، نائب صدر رانا نعمان شہزاد، اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی اور تنظیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے مزید بہتری کی ضرورت پر زور دیا۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت محمد معاویہ عزیز نے حاصل کی جبکہ ہدیہ نعت فیصل نے پیش کی۔ اجلاس کے دوران صدر عبدالسلام انصاری کی خالہ، رانا نعمان شہزاد کے ماموں اور وسیم نصیر کے سسر کی وفات پر فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔ اجلاس کے اختتام پر صدر عبدالسلام انصاری کی جانب سے عہدیداران و ممبران مجلس عاملہ کے اعزاز میں عید ملن ضیافت کا اہتمام بھی کیا گیا۔

بقیہ 12

ایمرجنسی ڈیکلیئریشن کو یقینی بنائے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ تدارک کیس کی گزشتہ سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ حکم نامہ کے مطابق ڈی جی پی ڈی ایم اے نے پانی کی سنگین صورتحال سے متعلق رپورٹ جمع کرائی، رپورٹ میں پاکستان میٹرولوجیکل ڈیپارٹمنٹ کی پنجاب بھر میں خشک سالی کی الرٹ کا تذکرہ کیا گیا ہے، خشک سالی کے الرٹ میں دریاؤں میں جمع شدہ پانی کی انتہائی کمی کی جانب اشارہ کیا گیا ہے، زیر زمین پانی کے حوالے سے یہ ایک خطرناک صورتحال ہے، سٹیک ہولڈرز کو فوراً اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ تحریری حکم نامہ میں لکھا گیا کہ رپورٹ میں تمام اداروں کی پی ڈی ایم اے کے ساتھ بہتر کوارڈی نیشن کیلئے کمیٹی کی نامزدگی کا بھی حوالہ دیا گیا ہے، کمیٹی پانی کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلق رپورٹ جمع کرائے، پی ڈی ایم اے پنجاب بھر میں واٹر ایمرجنسی ڈیکلیئر کرنے کو یقینی بنائے، ڈی جی پی ڈی ایم اے اس معاملے پر غور و خوض کیلئے پنجاب کابینہ کو ایک سمری بھیجیں۔ حکم نامہ میں یہ بھی لکھا گیا کہ وکیل پنجاب حکومت نے جوائنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز لاہور کا آرڈر عدالت میں پیش کیا، آرڈر میں تمام کوآپریٹو سوسائٹیز کو پانی کے بچا کے حوالے سے فوری اقدامات کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ تحریری حکم نامہ میں کہا گیا کہ کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے رہائشی علاقوں میں پائپ کے استعمال اور گاڑیاں دھونے پر پابندی کے حوالے سے ایک اور حکم جاری کیا جائے گا، نئے آرڈر میں نہ صرف رہائشیوں بلکہ متعلقہ سوسائٹی کی انتظامیہ پر جرمانے کا بھی ذکر کیا جائے گا۔ عدالت نے واٹر ایمرجنسی پر غور و خوض کیلئے ڈی جی پی ڈی ایم اے کو پنجاب کابینہ کو سمری بھیجنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 11 اپریل تک ملتوی کر دی

بقیہ 13

کہ انسانی جان بچانے کے لئے گردے، جگر اور خون کا عطیہ دینا شریعت کے مطابق جائز ہے جبکہ مرنے کے بعد بھی اعضا عطیہ کئے جا سکتے ہیں بشرطیکہ قریبی رشتے دار اور ورثا اس کی اجازت دیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایسے عطیات اسلامی تعلیمات کے منافی نہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے۔ انہوں نے واضح کیا کہ زندہ افراد کی جانب سے اعضا عطیہ کرنا شریعت میں حرام نہیں ہے کیونکہ اسلام انسانی جان کی حفاظت کو مقدم رکھتا ہے اور زندگی بچانے کیلئے ایسے اقدامات کی اجازت دیتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں اس وقت ہزاروں افراد گردے، جگر، دل اور قرنیہ کی خرابی میں مبتلا ہیں مگر اعضاء عطیہ کرنے کا رجحان نہ ہونے کے باعث یہ مریض مناسب علاج سے محروم ہیں۔

بقیہ 14

بڑی وجہ ماحولیاتی آلودگی اور جنگلات کی کمی ہے اس چیلنج سے نمٹنے کا واحد حل شجرکاری ہے، پلانٹ فار پاکستان مہم کے تحت جہاں ریاستی ادارے اور فلاحی تنظیمیں شجرکاری کر رہی ہیں وہاں پر ہر شہری بالخصوص طلباء و طالبات کو اپنے گھروں، تعلیمی اداروں اور جہاں جگہ ملے وہاں درخت لگانا ہے اور ان درختوں کی حفاظت بھی کرنی ہے۔ یہ بات انہوں نے آج سی ٹی آئی ہائی سکول میں پلانٹ فار پاکستان مہم کے دوران طلباء و اساتذہ کے ہمراہ پودے لگاتے ہوئے کہی۔ ڈی او ایمرجنسی انجینئر نوید اقبال، ایوارڈ یافتہ کلین گرین چیمپئن اشفاق نذر، پرنسپل سی ٹی آئی ہائی سکول فاران گل، پرنسپل انگلش میڈیم میڈم ربیقہ گل، ایڈمن اونیل کے علاوہ اساتذہ اور سول سوسائٹیز کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ اے ڈی سی جنرل ایوب بخاری نے کہا کہ سیالکوٹ میں پاکستان کے دیگر علاقوں کی نسبت بہت زیادہ بارشیں ہوتی ہے اور یہاں کا موسم اور زمین شجرکاری کیلئے انتہائی موزوں ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت لگانا ہم سب کا مذہبی، قومی اور اخلاقی فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مین جنگلات کی شدید کمی ہے اور جنگلات کی بے دردی سے کٹائی کی وجہ سے بارشوں کے دورانیہ میں کمی ہوئی ہے اور پاکستان خشک سالی جیسے خطرات کے دہانے پر پہنچ چکا ہے اس کا واحد حل درخت ہیں ہر فرد اور اپنے حصے کا درخت لگانا ہوگا اور اس کی حفاظت کرنی ہوگی۔

بقیہ 15

افسران کو رینک لگانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پروموٹ ہونے والے افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ پروموٹ ہونے والے افسران، والدین، بچوں اور اہلخانہ نے بڑی تعداد میں تقریب میں شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و سینئر پولیس افسران نے ترقی پانے والے انسپکٹرز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ انسپکٹر عہدے پر مزید ترقیوں کیلئے پروموشن بورڈ کا اجلاس اسی ماہ کے آخر میں متوقع ہے۔ سی ڈی کے قیام سے انسپکٹرز کی مزید 449 آسامیوں پر ترقیاں یقینی ہیں جبکہ جمعرات کو سینئر ٹریفک وارڈن سے ٹریفک آفیسر کے عہدے پر ترقی کیلئے پروموشن بورڈ کا اجلاس ہو گا۔ رواں سال مختلف رینکس پر 4500 کے قریب پروموشنز کی جائیں گی۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ افسران اپنی اے سی آرز سمیت سروس ریکارڈ مکمل رکھیں۔ پروموشنز اور ویلفیئر کے جواب میں شہریوں کی بے لوث خدمت اور بے خوف حفاظت کریں۔ ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ڈاکٹر محمد عابد، ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس غازی محمد صلاح الدین، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو لیاقت علی ملک، اے آئی جی ویلفیئر عبدالرحیم شیرازی اور اے آئی جی فنانس نداعمر چٹھہ سمیت سینئر افسران موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 16

داخل ہو کر بچیوں کو مار پیٹ کرنے اور کپڑے پھاڑنے والے افراد کے خلاف قانون حرکت میں آ گیا۔ چک نمبر 340 ج ب کی متاثرہ بی بی نے تھانہ نواں لاہور میں مقدمہ درج کراتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ اس کے گھر میں مبشر وغیرہ زبردستی داخل ہوئے اس کی بیٹیوں کو گالی گلوچ کرتے ہوئے مار پیٹ کی اور ان کے کپڑے پھاڑ ڈالے۔ شور واویلا سن کر بعض افراد موقع پر آ گئے جنہیں دیکھ کر ملزمان فرار ہو گئے۔ پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 17

حکومت کی جانب سے گندم کی خریداری اور امدادی قیمت مقرر نہ کرنا کسانوں کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے جس کی باعث کسانوں کو بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کسان کی گندم کی پیداواری قیمت پوری ہو بھی رہی ہے یا نہیں، اگر کسان نے گندم، کپاس، چاول سمیت دیگر بڑی فصلوں کو کاشت کرنے سے بھی اجتناب کیا تو ملک میں ایک بڑا غذائی بحران نمودار ہوگا اور گندم درآمد کرنا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ گندم کی قیمت میں کمی کی وجہ سے گزشتہ برس کسانوں کو شدید مالی نقصان ہوا ہے کیونکہ گندم کی کاشت کے لیے درکار تمام لوازمات انتہائی مہنگے ہو چکے ہیں، جس میں کھاد، بیج، اسپرے، ڈیزل، ٹریکٹر وغیرہ شامل ہے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان وڑائچ نے کسان بورڈ پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری چوہدری افضال اسلم، کسان بورڈ پاکستان کے ضلعی صدر چوہدری عصمت وریاہ، سینئر نائب صدر ملک نثار، حارث میر بگو، مجسم زرخیز انور خان موجود تھے۔ سیکرٹری چوہدری افضال اسلم نے کہا ہے کہ حکومت نے گندم کا ریٹ مقرر کرے، کسانوں کے مسائل حل نہ ہوئے تو پیداوار میں بھی نمایاں کمی آئے گی گزشتہ چھ سے سات فصلوں کا کسانوں کو مناسب ریٹ نہیں ملا، جن میں گندم، گنا، چاول، مکئی، جو، سرسوں کپاس اور مختلف قسم کی سبزیاں شامل ہیں۔ ملک میں اس سال گندم کی کاشت بہت کم ہوئی ہے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان وڑائچ، سیکرٹری چوہدری افضال اسلم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گندم کی امدادی قیمت مقرر کی جائے اور کسانوں سے گندم خریداری کا سلسلہ فی الفور شروع کیا جائے تاکہ کسان خوشحال ہو سکے۔

بقیہ 18

خانہ کے مطابق 30 سالہ حمزہ عرفان کا اپنے والد عرفان مجید سے جھگڑا ہوا جس سے دلبرداشتہ ہو کر اس نے گلے میں پھندا ڈال کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ پولیس کی قانونی کارروائی کے بعد لاش کو پولیس کو حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ 19

جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد زمین کا سینہ چیر کر فصلیں کاشت کرنے والے مزارعین کے حقوق کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس سلسلے میں انجمن مزارعین، کسان بورڈ، پاکستان کسان اتحاد، فارمرز ایسوسی ایشن اور ملک بھر میں سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین مزارعین کو درپیش مسائل، مشکلات اور بنیادی سہولتوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں گے۔

بقیہ 20

مقدمات کے حوالے سے ہدایات دی ہیں اور سپریم کورٹ کی ہدایات اس کیس کے لیے بھی ہیں جس پر وکیل صفائی نے کہا کہ سپریم کورٹ کی ہدایات پنجاب کی حد تک ہیں۔ اے ٹی سی اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرا نے بانی پی ٹی آئی عمران خان، شاہ محمود قریشی و کارکنان کے خلاف 9 مئی احتجاج و دیگر مقدمات کی سماعت کی، ملزمان کی جانب سے سردار محمد مصروف خان ایڈووکیٹ، مرتضیٰ طوری اور دیگر وکلا پیش ہوئے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور شاہ محمود قریشی کی عدم دستیابی کے باعث سماعت آگے نہ بڑھ سکی اور عدالت نے پیش ہونے والے ملزمان کی حاضری کے بعد سماعت ملتوی کر دی۔ اس دوران عدالت نے پی ٹی آئی کے غیر حاضر کارکنان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیئے۔

بقیہ 21

نے تحصیل چونیاں اور پتوکی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے انتظامی امور، عوامی سہولیات، سرکاری اداروں کی کارکردگی اور تجاوزات کے خلاف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر آفس چونیاں میں تحصیل کے تمام محکموں کے افسران کے ساتھ میٹنگ کی۔ جس میں ریونیو اسٹاف، میونسپل کمیٹی، فوڈ ڈیپارٹمنٹ، ہائی وے ڈیپارٹمنٹ اور تحصیلدار سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ میں مسائل اور شکایات پر تبادلہ خیال اور اُن کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر نے مؤثر لائحہ عمل جاری کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چونیاں کا بھی دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی، اور ادویات کی دستیابی کو چیک کیا۔ مریضوں اور لواحقین سے ملاقات کر کے ان کی خیریت دریافت کی اور فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں استفسار کیا۔ ڈی سی کی ٹی ایچ کیو ہسپتال چونیاں کی ملحقہ دیوار کے ساتھ موجود عارضی تجاوزات کا جائزہ لے کر متعلقہ حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت۔ علاوہ ازیں ٹی ایچ کیو ہسپتال چونیاں میں زیر تعمیر بلڈنگ کا تفصیلی معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام میں درپیش مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے لیے ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 22

ڈے 10 اپریل جمعرات کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے ملک بھر میں ہومیوڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں ہومیوپیتھک طریقہ علاج کے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی۔ ہر سال دس اپریل کو یہ عالمی دن ہومیوپیتھی طریقہ علاج کے بانی ڈاکٹر فریڈریچ سیموئیل ہانمن کے یوم پیدائش کے موقع پر 10 اپریل کو منایا جاتا ہے۔ ہومیو پیتھک ایسا طریقہ علاج ہے جس میں بالعموم ادویات بیماری کے نام سے نہیں تجویز کی جاتیں بلکہ مریض کی علامات سے تجویز کی جاتی ہیں۔

بقیہ 23

شخصیت پیر حافظ مغیرہ خالد نے دفتر احرار ساہیوال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا اسامہ عزیر سمیت دیگر سے تفصیلی بات چیت ہوئی۔ پیر حافظ مغیرہ خالد نے اسامہ عزیر کو ساہیوال میں جماعت کا دفتر قائم کرنے پر انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دونوں راہنماؤں نے ختم نبوت کے کام کو ساہیوال میں مزید فعال کرنے پر اتفاق کیا اور فلسطین میں حالیہ اسرائیلی دہشت گردی کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔

بقیہ 24

زیر صدارت ویساکھی میلے کے انتظامات بارے اعلیٰ سطح کا اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، واپڈا، اوقاف، ضلعی افسران، ممبر ایڈوائزری کونسل پنجاب اقلیتی امور و انسانی حقوق سردار سربجیت سنگھ کنول سمیت دیگر سکھ کمیونٹی کے افراد بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ننکانہ صاحب میں ویساکھی میلے کی تقریبات کا آغاز 10 اپریل کی بجائے 12 اپریل سے ہو گا جبکہ تقریبات 15 اپریل تک جاری رہیں گی، ویساکھی میلے کی تقریبات میں بھارت سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے 07 ہزار سے زائد سکھ یاتری 12 اپریل کو ننکانہ صاحب پہنچیں گے اور مجموعی طور پر 20 ہزار سے زائد سکھ یاتری شرکت کریں گے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ویساکھی میلے کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ اندرون پاکستان سے آنے والے سکھ یاتریوں کی رہائش کے لیے گوردوارہ جات میں مارکیز لگانے کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے ضلعی اداروں کے سربراہان کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ گوردوارہ جات کے داخلی راستوں پر ہیلتھ، ریسکیو 1122 اور ایم سی کے علاوہ کوئی ادارہ سٹال نہیں لگائے گا، سکھ یاتریوں کے لیے پارکنگ کے وسیع انتظامات کئے جائیں، ریسکیو اور ٹریفک پلان جاری کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ صرف نیشنل میڈیا کے نمائندوں کو کارڈ جاری کرے گا اور محکمہ صحت سکھ یاتریوں کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں 15 بیڈز پر مشتمل سپیشل وارڈ قائم کرے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اور 15 اپریل کو گورونانک ہائی سکول، کالج، یونیورسٹی، سپیشل ایجوکیشن سنٹر سمیت سکھ یاتریوں کے روٹ پر آنے والے سکولوں کو چھٹی ہوگی اور 12 سے 15 اپریل تک گوردوارہ جات سے ملحقہ علاقے سوئی گیس اور واپڈا لوڈشیڈنگ سے فری ہوں گے۔

بقیہ 25

قیادت کی ضرورت ہے جو ممبران کو ہر وقت دستیاب ہو اور جم خانہ کے مسائل کو سمجھتا ہو ان خیالات کا اظہار جھنگ کی مختلف سماجی و سوشل و کاروباری شخصیات نے جم خانہ کلب کے سیکرٹری کے الیکشن کے لیے عمر خان کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کیا ان شخصیات میں روٹری کلب جھنگ سینٹرل کے ممبران جھنگ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران انجمن تاجران کے ممبران جنگ لائنز کلب کے ممبران انجمن تاجران کے ممبران سمیت مختلف شخصیات نے میڈیا کے ذریعے جم خانہ کلب کے ممبران سے اپیل کی ہے کہ وہ سیکرٹری جم خانہ 262025 کے لیے محمد عمر خان جو کہ شہر کے مشہور کاروباری و سماجی شخصیت ہیں کو ووٹ دیں تاکہ وہ سیکرٹری منتخب ہو کر جھنگ جیم خانہ کی مزید ترقی کے لیے کام کر سکیں اور جھنگ جم خانہ کو بین الاقوامی سطح کا کلب بنا سکیں اس موقع پر ان سماجی و کاروباری شخصیات نے مزید کہا کہ جم خانہ کی ترقی میں اس وقت جو اضافہ ہوا ہے اس میں دیگر ممبران کا تو ہاتھ ہے ہی لیکن زیادہ تر عمر خان کی کوششوں کا بھی ہاتھ ہے ان کا انتظامی افسران کے ساتھ بہت اچھا تعلق ہے جن کے ساتھ مل کر وہ جم خانہ کی مزید بہتری کے لیے کام کر سکتے ہیں اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ انہیں ووٹ اور سپورٹ مکمل طور پر دیا جائے۔

بقیہ 26

جج اینٹی کرپشن کورٹ لاہور، خاور رشید کو سپیشل جج اینٹی کرپشن کورٹ راولپنڈی، اظہار الحق کو سپیشل جج اینٹی کرپشن کورٹ سرگودھا جبکہ اورنگزیب کو سپیشل جج اینٹی کرپشن کورٹ ملتان تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 27

ابوبکر شہباز، ڈویژنل کمشنر مریم خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن ر بلال افتخار کیانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، سابق ممبر صوبائی اسمبلی شیخ محمد یعقوب، سابق ممبر صوبائی اسمبلی محمد اسلم بھروانہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی سلطان سکندر بھروانہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جبوآنہ، اسسٹنٹ کمشنرز، سی او ضلع کونسل محمد اکرم بھروانہ دیگر ضلعی افسران سمیت بڑی تعداد میں شہری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، پرچم کشائی کے موقع پر قومی ترانہ پڑھا گیا جبکہ پولیس، ریسکیو 1122 کے دستے نے مہمانوں کو سلامی پیش کی۔ گورنمنٹ و نجی سکولوں کے بچوں نے ملی نغمے بھی پیش کیے۔ دھریس، لڈی ڈانس کے علاوہ دیگر رنگا رنگ اور تفریحی پروگراموں کا مظاہرہ کیا گیا۔ جشن بہاراں کے شیڈول کے مطابق گھوڑا ڈانس اور نیزہ بازی کے مقابلہ جات بھی منعقد ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے اپنے خطاب میں کہا کہ جشن بہاراں جھنگ کا روایتی تہوار ہے جس کا انعقاد خوش آئند بات ہے۔ جشن بہاراں کو روایتی و ثقافتی رنگوں سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف تفریحی پروگرامز میں اضافہ اور جدت بھی پیدا کی گئی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے کہا کہ وہ منظم انداز میں جشن بہاراں کی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کر کے لطف اندوز ہوں اور آپس میں پیار و محبت، یگانگت اور اتحاد و اتفاق کی فضا کو مزید مستحکم کریں۔ مزید برآں جشن بہاراں میں محکمہ زراعت، تعلیم، جنگلات، لائیو سٹاک اور دیگر مختلف سرکاری و نجی اداروں کی طرف سے سٹالز لگائے گئے۔

بقیہ 28

کی جانب سے امریکی درآمدات پر لگائے گئے نئے ٹیرف پر مذاکرات کے بعد مستقبل کیلئے باہمی طور پر مفید لائحہ عمل طے کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا، وزیراعظم کی ہدایت پر وفد میں معروف کاروباری شخصیات اور برآمد کنندگان کو بھی شامل کیا گیا ہے، وزیراعظم کی امریکہ کے ساتھ اس حوالے سے مذاکرات کیلئے وفد کی تشکیل کے دوران معروف کاروباری شخصیات اور برآمد کنندگان کی شمولیت یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ امریکہ پاکستان کے تجارتی تعلقات دہائیوں پر محیط ہیں، حکومت، امریکہ کے ساتھ تجارتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی خواہاں ہے، وزیراعظم کو اجلاس میں امریکہ کی جانب سے لگائے گئے نئے ٹیرف پر، اسٹیئرنگ کمیٹی اور ورکنگ گروپ کی رپورٹ اور مستقبل کا مجوزہ لائحہ عمل پیش کیا گیا، اجلاس کو مختلف متبادل لائحہ عمل پیش کئے گئے، اجلاس کو بتایا گیا کہ امریکہ میں پاکستانی سفارتخانہ مسلسل امریکی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہے، اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، سینیٹر اورنگزیب، علی پرویز ملک، مشیر وزیراعظم سید توقیر شاہ، معاونین خصوصی طارق فاطمی، ہارون اختر، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 29

خدمات کے شعبے میں ترقی کا امکان ہے۔ اے ڈی بی کی رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025 میں افراط زر کی شرح 6.0 فیصد تک گرنے کی توقع ہے۔ مستحکم زرمبادلہ مارکیٹ اور اصلاحات سے معاشی فضا میں بہتری آئی۔ رپورٹ میں خواتین کی مزدور قوت میں شمولیت بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ لڑکیوں کی تعلیم اور تربیتی پروگراموں میں سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ رپورٹ کے مطابق محفوظ اور بہتر پبلک ٹرانسپورٹ خواتین کی شمولیت میں مددگار ہے۔ رپورٹ میں امریکی ٹیرف کے اثرات پر تجزیہ بھی شامل ہے۔

بقیہ 30

فصلوں اور متعدد رابطہ سڑکوں کو شدید نقصان پہنچا۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق سیلابی ریلے سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا کیونکہ خطرے کے پیش نظر مقامی آبادی کو پہلے ہی محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا تھا۔ ادھر دروش کے مقام کلدام شاہ نگار میں شدید طغیانی کے باعث پشاور چترال روڈ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند ہو گئی جس کے باعث سیاحوں اور مسافروں کی گاڑیاں راستے میں پھنس گئیں۔

بقیہ 31

ٹرینوں کی بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے، مسافر ٹرینوں کا ریونیو بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کی بہتری کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، جعفر ایکسپریس پر جدید اسلحہ استعمال ہوا، دہشت گرد سیٹلائٹ کے ذریعے افغانستان میں رابطے میں تھے، پاکستان پہلا ملک ہے جہاں ہر کوئی ویزے کے بغیر آجاتا ہے۔ وزیر ریلوے کا کہنا تھا کہ جو غیر ملکی غیر قانونی ہوگا اسے نکالیں گے، جعفر ایکسپریس پر حملے کے روز ایک جماعت نے شادیانے بجائے، دہشت گرد جس کھڈ میں بھی ہوا اسے ماریں گے۔ حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ ہماری مخالف جماعت کے رہنما جن کو منانے جارہے ہیں، وہ نہیں مان رہے، جو کام دشمن نہیں کر سکا وہ ان لوگوں نے کیا، قومی شہداء کا مذاق اڑایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریلوے کے 14 سکول آؤٹ سورس کر رہے ہیں جبکہ 8 ہسپتالوں سے متعلق روڈ شو منعقد کیا جائیگا، دس ٹرینوں کو آؤٹ سورس کرنے کیلئے پلان طلب کر لیا ہے، ریلوے کے تمام منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا، ہسپتالوں کی آؤٹ سورسنگ اور دیگر اقدامات سے سالانہ ڈیڑھ ارب کی بچت ہوگی، ریلوے کو ایک منافع بخش ادارہ بنائیں گے۔

بقیہ 32

27 سال بعد بیوہ خاتون کو اپنے بھائی سے وراثتی جائیداد میں حصہ دلوا دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے صدیقاں بی بی کی اپیل کا 12 صفحات پر مشتمل تحریری تاریخی فیصلہ جاری کر دیا، عدالت نے بیوہ خاتون کو وراثت میں حصہ دیتے ہوئے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ خاندانوں میں عام طور پر جائیداد کے حوالے سے جھوٹے دعوے کیے جاتے ہیں، ایسے دعوؤں کے لیے سب سے بہترین طریقہ یہ کہنا ہے کہ جائیداد مجھے زبانی طور پر تحفے میں ملی ہے۔ جسٹس خالد اسحاق نے کہا کہ افسوسناک ہے کہ مرد شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہوئے خواتین سے وراثتی حق چھین لیتے ہیں، خواتین کے وراثتی حقوق کی پوری شدت کے ساتھ حفاظت کرنی چاہیے، یہ دعویٰ کہ کسی خاتون نے خود اپنا وراثتی حق چھوڑ دیا ہے، اسے صحیح سے ثابت کرنا ہوگا۔ جسٹس خالد اسحاق نے تحریر کیا کہ موجودہ کیس میں بھائی نے مشکل گھڑی میں بیوہ بہن کی مدد کی بجائے ایک شکاری کی طرح اس کا وراثتی حق چھینا، والد کے انتقال کے بعد بھائی نے ساری جائیداد پر قبضہ کر لیا۔ درخواست گزار خاتون کے مطابق والد کی وفات کے بعد بھائی نے جائیداد میں حصہ دینے کی یقین دہانی کروائی تھی، کچھ عرصے تک بھائی زمین سے ہونے والی آمدن کا حصہ بھجواتا رہا مگر بہنوئی کی وفات کے بعد بھائی نے جائیداد میں حصہ دینے سے انکار کر دیا۔ 2011 میں خاتون نے وراثتی جائیداد میں حصے کے لیے ٹرائل کورٹ میں دعویٰ دائر کیا، فیصلے میں تحریر کیا گیا کہ بھائی کے مطابق والد نے اپنی زندگی میں ہی 59 کنال اراضی اسے بطور تحفہ دے دی تھی۔ واضح رہے کہ ٹرائل کورٹ نے 2014 میں خاتون کا دعویٰ مسترد کر دیا تھا، خاتون نے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں اپیل دائر کر رکھی تھی۔

بقیہ 33

پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا، چیئرمین پی ٹی آئی گوہر علی، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور زرتاج گل نے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اجلاس میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں اور صاحبزادہ حامد رضا سے پولیس کے سلوک کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق پارلیمانی کمیٹی نے گزشتہ روز کا واقعہ قومی اسمبلی کے فلور پر اجاگر کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 34

ہونے کے بعد ان کی واپسی کا عمل یکم اپریل سے شروع ہو چکا ہے اور اب تک 1 ہزار 701 افغان شہریوں کو قائم کیمپ میں لایا گیا اور ان کو ان کی ملک روانہ کیا جا چکا ہے۔ یہ بات انہوں نے پسرور روڈ سپورٹس کمپلیکس میں قائم افغان کیمپ کے دورہ کے موقع پر کیمپ میں سہولیات، حفاظتی و انتظامی امور کا جائزہ لینے کے دوران بتائی۔

بقیہ 35

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ، ثناء شرافت، اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل ظہیر الدین بابر، انفارمیشن، کسٹم، ایکسائز، ایجوکیشن، ہیلتھ، انٹیلی جنس اداروں کے افسران سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں سمگلنگ، بجلی چوری، غیر قانونی پٹرول پمپس، تجاوزات، غیر قانونی تعمیرات، بھکاریوں، سمگلنگ آئل اور نان کسٹم گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے، مدرسہ اور مسجد اصلاحات کے نفاذ اور مدارس کی رجسٹریشن، ٹریفک قوانین کی پاسداری یقینی بنانے اور عوامی آگاہی مہم کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں متعلقہ اہداف کے حوالے سے محکموں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو نے کہا کہ حکومت کی طرف سے مقرر کردہ اہداف کے حصول کیلئے تمام محکمے لگن اور محنت سے کام کریں تمام محکمے باقاعدگی سے اپنی کارکردگی سے آگاہ کریں ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن جاری رکھا جائے سمگلنگ کے خلاف بھرپور اور منظم انداز سے ایکشن لیا جائے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے یونیورسٹی، کالجز اور سکولز میں آگاہی سیمینارز کروائے جائیں بھکاریوں کے خلاف بھی سخت ایکشن لیا جائے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس نے کہا کہ پولیس کی طرف سے مکمل تعاون اور مدد فراہم کی جائے گی محکمے استغاثہ جمع کروائیں فوری مقدمات کا اندراج کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بریگیڈیئر فرقان شبیر نے کہا کہ محکمہ تعلیم بچوں کی سکلز کو ڈویلپ کرے اور محکمہ صحت ہر آنے والے شہری کو اچھے سے ٹریٹ کرے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف، صحت اور یکساں تعلیم کی فراہمی سے پاکستان ترقی کرے گا ہمیں تمام تر وسائل کو بروئے کار لانا پڑے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ضلع میں غیر قانونی طور پر چلنے والے مدارس کا ڈیٹا اکٹھا کیا جائے اور ان کو فی الفور رجسٹرڈ کروایا جائے۔ بریگیڈیئر فرقان شبیر نے کہا کہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں کا تحفظ ہم سب کی ترجیح ہونا چاہیے، گوردوارہ جنم استھان سمیت دیگر تمام گوردوارہ جات کی سکیورٹی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور ویساکھی میلے میں دنیا بھر سے شرکت کرنے والے سکھ یاتری کے لیے سکیورٹی سمیت دیگر بہترین انتظامات کیے جائیں تاکہ دنیا میں پاکستان کا مثبت پیغام جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پرامن ملک ہے اور یہاں بسنے والے تمام مذاہب و مسالک کے افراد پاکستان سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فورتھ شیڈول میں ڈالے جانے والے افراد پر خصوصی نظر رکھی جائے۔

بقیہ 36

اہلحدیث پندرھواں میل چنیوٹ روڈ جھنگ صدر میں درس قرآن منعقد ہوا جن میں مولانا ابوبکر صدیق معاویہ مولانا منظور احمد بھٹہ مولانا رمضان رنگپوری مولانا عمر فاروق مولانا بدر نصیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا احساس پیدا کرے اپنے اندر برداشت پیدا کرے مولانا بدر نصیر سلفی ناظم اعلیٰ خوشبوئے خطباء اہلحدیث پاکستان نے کہا اللہ کی رضا کیلئے اپنے لہجوں کو نرم کرے اخلاق پیدا کرے کہ نرمی کرنے والے کو اللہ پسند فرماتا ہے روز مرہ کی زندگی میں زیادہ تر جھگڑے آواز کی غلط لہجے کی وجہ سے ہوتے ہیں کوشش کیا کریں کہ خوبصورتی سے بولیں ورنہ خاموش رہیں اپنے لہجوں میں نرمی لانے کی کوشش کریں. نرمی سے کی گئی بات اثر بھی رکھتی ہے لوگوں کے دل میں آپ کا مقام بھی بڑھاتی ہے جبکہ سخت لہجے میں کی گئی بات دوسرے کی انا کو بھی جگاتی ہے اور معاملہ الٹ جاتا ہے کوشش کریں جب بولیں خوبصورتی سے اچھے نرم لہجے سے بولیں۔ احساس اپنے اندر پیدا کرے مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اس کے درد کا احساس ہونا چاہیے آج احساس نا ہونے کی وجہ ہے 57 مسلمان ملک ہیں اور ایک فلسطین کو نہیں بچا پا رہے، جس کی اصل وجہ ہمیں دنیا کی محبت لیڈوبی احساس ختم ہو گیا۔

بقیہ 37

ممکن طریقے سے ان کی حمایت جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملی لیبر فیڈریشن لاہور ڈویژن کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فیڈریشن کے چیف کوآرڈینیٹر محمد اسلم خان، لاہور کے چیئرمین میاں ریاض، صدر چوہدری ابو ہریرہ، جنرل سیکرٹری محبوب عالم سندھو، سیکرٹری نشر و اشاعت طاہر ربانی و دیگر بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میاں غلام مصطفیٰ نے کہا کہ پنشن اصلاحات کے نام پر کی جانے والی تبدیلیاں، لیوانکیشمنٹ میں کمی اور 17 اے ایکٹ کی منسوخی سرکاری ملازمین کے حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہیں۔ یہ اقدامات ہمارے محنت کش بھائیوں کی محنت کا مذاق اڑانے کے مترادف ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ملی لیبر فیڈریشن ہر فورم پر ملازمین کے حقوق کا دفاع کرے گی اور یہ بات یقینی بنائے گی کہ حکومت اپنے وعدوں کے مطابق سرکاری ملازمین کے حقوق کی حفاظت کرے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئی بھی تنظیم یا گروپ جو ملازمین کے حقوق کے لیے آواز اٹھائے گا، پاکستان ملی لیبر فیڈریشن اس کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ اجلاس میں مختلف محکمہ جات میں ملازمین کو ہراساں کرنے کے واقعات کا نوٹس لیا گیا، اور یہ فیصلہ کیا گیا کہ ملی لیبر فیڈریشن ملازمین کے جائز حقوق کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔ اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ فوری طور پر اقدامات پر نظرثانی کرے اور ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھائے۔

وزیر آباد کے اہل علم وفد کا ممتاز المدارس جعفری کالونی کا دورہ

کوٹلی لوہاراں (نامہ نگار محمد اکرم) علاقہ وزیرآباد کے اہل تشیع کے بزرگوان کا مسجد القائم و امام بارگاہ اور ممتاز المدارس جعفریہ کالونی جی ٹی روڈ وزیرآباد میں اچانک دورہ مختلف امام بارگاہوں کے معززین نے ممتاز المدارس جعفری کالونی کا دورہ کیا جس میں بہترین نظام اور بچوں کی تعلیم کو دیکھتے ہوئے علامہ آغا سید عارف نقوی سینئر نائب صدر مجلس علمائے اسلامیہ پنجاب کی محنت اور لگن کو سراہا انہوں نے اس موقع پر کہا کہ علامہ آغا سید عارف حسین نقوی نے اپنے استاد محترم قبلہ حافظ سید سبطین نقوی مرحوم اور محمد حسین جلوی مرحوم کی محنت اور محبت کے بعد اس مسجد امام بارگاہ اور ممتاز المدارس کو خلوص دل سے آباد رکھا ہوا ہے یہاں پر بچیوں کے لیے سلائی سینٹر بنوایا اور بچوں کی تعلیم کے لیے محنت کی ممتاز المدارس میں تقریباً 350 بچے اس وقت تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن کو تعلیم دینے کے لیے قبلہ صاحب کے بیٹے حسین نقوی اپنے سر انجام دے رہے ہیں یاد رہے اس سے قبل سید عارف نقوی نے امام بارگاہ جامعۃ المرتضیٰ کوٹلی سید امیر میں 19 سال فرائض انجام دے چکے ہیں۔

بعدالت جناب نیلم بشارت رائے صاحبہ/سول جج/فیملی کورٹ گوجرانوالہ

عنوان، نبیلہ رفاقت بنام محمد سعد وغیرہ ۔دعویٰ دلاپانے خرچہ نان نفقہ وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام محمد سعد ولد محمد یوسف، محمد یوسف ولد محمد دین ذات رحمانی ساکنان الفلاح سٹی نزد سبزمنڈی ڈاکخانہ کوٹ خالق تحصیل و ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 18-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ملک محمد عاطف بن سعید صاحب

سینئر سول جج/سول ڈویژن گوجرانوالہ

عنوان، مرزا آصف محمود وغیرہ بنام عوام الناس۔ درخواست جانشینی۔ مرزا آصف محمود ولد مرزا محمد یوسف متوفی ساکن 567A/D ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ، مرزا ساجد محمود ولد مرزا محمد یوسف متوفی ساکن 567A/D ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ، بسماۃ شاہدہ جبیں دختر مرزا محمد یوسف متوفی ساکن ڈھلے گوجرانوالہ، ساجدہ پروین دختر مرزا محمد یوسف متوفی ساکن 225-D سٹیلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ حمزہ خالد، معیز حیدر ولد مرزا خالد محمود متوفی ساکنان 567A/D ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 22-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد علی امجد صاحب

سول جج گوجرانوالہ

عنوان، آمنہ یٰسین بنام گورنمنٹ گریجوایٹ کالج وغیرہ ۔دعویٰ استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام یونیورسٹی آف دی پنجاب، لاہور بذریعہ چیئرمین یونیورسٹی ہذا ۔ہر مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 16-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سمیرا اسلم صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ

عنوان، اشفاق احمد وغیرہ بنام محمد افضل وغیرہ ۔دعویٰ استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام محمد افضل ولد محمد ارشد، محمد نعیم ولد محمد یٰسین اقوام ڈوگر ساکنان گلی نمبر4 محلہ فاروق گنج تحصیل و ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 19-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سمیرا اسلم صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ

عنوان، محمد نواز بنام ساجد علی وغیرہ ۔دعویٰ استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام ساجد علی ولد ریاست علی، فوزیہ ساجد زوجہ ساجد علی، احد علی ولد ساجد علی ذات رحمانی ساکنان چک خضر تحصیل و ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 17-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سمیرا اسلم صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ

عنوان، ڈاکٹر سعدیہ اکرم بنام عمر نعیم ۔دعویٰ استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام عمر نعیم ولد محمد نعیم ذات مغل ساکن لنک سوئی گیس گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 16-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع حیات پور تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب حبیب اللہ ولد محمد متوفی بجق، وارثان بازگشت میں محمد اکرم، رانا، محمد اصغر، عبدالرحمٰن پسران متوفی کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر6/1R تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب مالو (بلا اولاد) ولد میر حسن متوفی بجق، وارثان بازگشت میں رسولی بیگم بیوہ (بعد میں فوت شد)، عبدالعزیز (بعد میں فوت شد)، فجرو خاں (بعد میں فوت شد) برادرانش متوفی کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع حیات پور تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب حبیب اللہ ولد محمد متوفی بجق، وارثان بازگشت میں محمد اکرم، رانا، محمد اصغر، عبدالرحمٰن پسران متوفی کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر6/1R تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب فجرو خاں (بلا اولاد) ولد میر حسن متوفی بجق، وارثان بازگشت میں عبدالعزیز (بعد میں فوت شد) برادر اش متوفی کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب حبیبہ سرفراز شیخ صاحبہ

سول جج/فیملی کورٹ گوجرانوالہ

عنوان، سدرہ بی بی بنام محمد زبیر ۔دعویٰ تنسیخ نکاح ۔اخبار اشتہار بنام محمد زبیر ولد ارشد محمود، ساکن چوہنگ حال مقیم قلعہ دیدار سنگھ محلہ اجنبی گلی مہر رفیق والی تحصیل و ضلع گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 16-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سمیرا اسلم صاحبہ

سول جج گوجرانوالہ

عنوان، محسن بشیر وغیرہ بنام چیف ایگزیکٹو وغیرہ ۔دعویٰ استقرار حق وغیرہ ۔اخبار اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو آفیسر ماسٹر سٹی ہاؤسنگ سکیم گوجرانوالہ، آڈٹ اینڈ اکاؤنٹ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ اے جی پنجاب آفس کمپلیکس لاہور فون 042-723607، صدر وسیکرٹری PGECHS، دی پراونشل گورنمنٹ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ گوجرانوالہ، دی گوجرانوالہ اریگیشن ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ ٹو سنٹر کنگنی والا بائی پاس چوک گوجرانوالہ فون 055-4014210، ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، موٹر وہیکلز/رجسٹریشن برانچ گوجرانوالہ۔ ہر مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 28-04-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر اپنا جواب پیش کرے ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

گمشدگی پاسپورٹ

میرا پاسپورٹ جس کا نمبر KF4107821 جو کہ مورخہ 09-04-2025 کو علاقہ گول چوک میں کہیں گر کر گم ہو گیا ہے ملنے پر اطلاع دیں۔ المشتہر:۔ نعیم خالد ولد غلام جعفر سکنہ محلہ شریف پورہ کالونی اوکاڑہ۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع چک نمبر6/1R تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب مالو (بلا اولاد) ولد میر حسن متوفی بجق، وارثان بازگشت میں رسولی بیگم بیوہ (بعد میں فوت شد)، عبدالعزیز (بعد میں فوت شد)، فجرو خاں (بعد میں فوت شد) برادرانش متوفی کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب اقراء شوکت صاحبہ

نائب تحصیلدار ریونیو آفیسر سرکل چوچک
تحصیل رینالہ خورد

درخواست برائے انتقال وراثت موضع کودہ میلو تحصیل رینالہ خورد زیر فیصلہ منجانب بلقیس اختر دختر ولی محمد متوفیہ بجق، وارثان بازگشت میں محمد شریف خاوند اش، محمد اعجاز، محمد مختار، محمد آصف پسران، تنویر کوثر، عاصم طالب، نوید اختر بی بی، آمنہ کوثر، کلثوم شریف، رقیہ شریف دختران، محمد وقاص، محمد وقار، عبدالصدام، محمد ذیشان، عثمان طالب، نعمان طالب، محمد ارسلان نواسے، شکیلہ، فرخ تسنیم، تسنیم، شمائلہ نوشین، مریم، رفعت رخسانہ، فاطمہ کوثر، عائشہ بی بی نواسیاں متوفیہ کے وارثان میں شامل ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور وارث ہے یا کسی کو کوئی اعتراض ہے تو وہ اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نعمان طاہر صاحب

جج فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان امنہ بی بی بنام اصغر علی اشتہار بنام: اصغر علی ولد رجب علی قوم بھٹی ساکن کک بھور چک نمبر612 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 12 اپریل 2025 کو صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عزر قابل قبول نہ ہوگا

روزنامہ قدامت
اشاعت خاص
SPECIAL EDITION

اے دلِ مسلم اب تو تڑپ!



ابن ظہور

اُف! ظلم کا یہ سلسلہ لامتناہی
کاندھوں پہ اٹھائے ہوئے لاشوں کو سپاہی
دیتے ہیں ہرگام شہادت کی گواہی
دامن میں لئے اپنے وہ ناکردہ گناہی
محروم وطن سے ہیں وطن ہی میں ستم ہے
'اے ارضِ فلسطیں! تری عظمت کی قسم ہے

حضرت سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (مفہوم) ''قریب ہے کہ دیگر قومیں تم پر ایسے ہی ٹوٹ پڑیں جیسے کھانے والے پیالوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں''۔ تو ایک کہنے والے نے کہا: ''کیا ہم اس وقت تعداد میں کم ہوں گے؟''۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''بلکہ تم اس وقت بہت ہو گے، لیکن تم سیلاب کی جھاگ کی مانند ہو گے' اللہ تعالیٰ تمہارے دُشمن کے سینوں سے تمہارا خوف نکال دے گا اور تمہارے دِلوں میں 'وہن' ڈال دے گا''، تو ایک کہنے والے نے کہا: اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ''وہن'' کیا چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''یہ دُنیا کی محبت اور موت کا ڈر ہے''۔ (مسند احمد، سنن ابی داوٗد)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقدس ترین الفاظ آج تمام مسلمانوں کو بتا رہے ہیں کہ ان کی اصلی حیثیت کیا ہے۔ آج انہیں دین سے زیادہ دُنیا کی محبت نے آن گھیرا ہے۔ سکون اور عیش و آرام ان کی زندگیوں میں دَر آیا ہے اور دین کیلئے جدوجہد کرنے کی لگن ہم کھو بیٹھے ہیں۔

لکھتے ہی تیرے غم میں نظم مسجد اقصیٰ
بے بس تو ہیں بے حسی نہیں ہم مسجد اقصیٰ

اس وقت ارضِ مقدس غزہ پر اسرائیلی ظالم و جابر فورسز کی جانب سے جس بے رحمانہ انداز میں بمباری کی جا رہی ہے اس سے بحیثیت مسلمان ہمیں بخوبی اندازہ ہو جانا چاہئے کہ یہ صرف انسانی معاملہ نہیں ہے بلکہ ہمارے لئے یہ خالصتاً دینی معاملہ ہے، مگر چونکہ حقیقی معنوں میں دُشمنوں کے دلوں سے مسلمانوں کی ہیبت ختم ہو چکی ہے لہٰذا آج انہیں 50 سے زائد مسلمان ممالک کی جانب سے کوئی خدشہ نہیں، کوئی خوف نہیں، اسی لئے آج امریکا اور یورپی ممالک کھلے عام اسرائیل کی ہر طرح کی حمایت کرنے کیلئے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش میں ہیں۔ امریکا کی جانب سے آئے روز اسرائیل کیلئے فوجی گرانٹ میں کیا جانیوالا اضافہ ہمارے منہ پر زوردار طمانچہ ہے کیونکہ اسرائیل اسی فوجی امداد کے بل بوتے پر غزہ اور رفح کی زمین کو مسلمانوں کا خاتمہ کر کے ہموار کرنے میں مصروف ہے۔ اب ہمیں سمجھ آجانا چاہئے کہ ہمارا اصل مسئلہ کیا ہے، آج اُمت مسلمہ کی پشت کھوکھلی ہو چکی ہے، اسی طرح اسلام مخالف قوتیں اہالیانِ غزہ پر ٹوٹ پڑے ہیں، بالکل اسی طرح جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیشینگوئی فرمائی تھی کہ ''قریب ہے کہ دیگر قومیں تم پر ایسے ہی ٹوٹ پڑیں جیسے کھانے والے پیالوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں''۔ آج ہر چہار جانب سے دشمن ہم پر ٹوٹ پڑے ہیں، مال غنیمت کی طرح سمجھ مسلمانوں کو لوٹا جا رہا ہے۔

آج ہر سمت مسلمان سے بیزاری ہے
دینِ اسلام مٹانے کی مہم جاری ہے

فلسطین، عراق، لیبیا، یمن، شام، سمیت مشرق وسطیٰ میں امریکا اور اس کے حواری اپنا تسلط جما چکے ہیں، بھارت کی جانب سے کشمیریوں پر مظالم کی انتہا کی جا رہی ہے۔ برما میں مسلمانوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹا جا رہا ہے۔ سوڈان کے انتہائی بے دردی کے ساتھ حصے بخرے کر دیئے جاتے ہیں۔ اسی طرح دنیا بھر میں بسنے والے مسلمانوں کی حالت زار آج انتہائی دگرگوں ہے۔ مقدس سرزمینِ فلسطین پر یہودیوں کا غاصبانہ قبضہ اور نام نہاد اسرائیلی ریاست کا قیام اُمت کے زخموں کو مزید گہرا کرتا چلا جا رہا ہے کیونکہ گزشتہ تقریباً ایک صدی کے دوران مسلسل جدوجہد اور کشمکش کے باوجود اُمت مسلمہ یہودیوں کے ناپاک قدموں کو اس سرزمین سے پاک نہیں کر سکی بلکہ اہل فلسطین کو دیس نکالا دے کر مقدس سرزمین پر صیہونی ریاست کی بنیادوں کو عالمی طاقتوں کے تعاون سے مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی ناجائز حکومت کو مستحکم کرنے، اسے سب سے زیادہ طاقتور بنانے، یہودیوں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کرنے اور اس ملک کو فلسطینیوں کے وجود سے خالی کرانے کی خاطر انسانی حقوق اور عدل و مساوات کے نام پر نام نہاد علمبردار مغربی ممالک کی جانب سے ہر غیر اخلاقی اور غیر انسانی عمل کھلے عام جاری ہے' سوچے سمجھے منصوبے کے تحت فلسطینیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے، ان کی زمینوں پر یہودیوں کو لا کر بسایا جا رہا ہے، یہی عمل مقبوضہ کشمیر میں مودی حکومت کی جانب سے بھی کیا جا رہا ہے جو کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

فلسطینی قوم اپنے وطن اور پاک سرزمین کی حفاظت کرنے کیلئے قیمتی جانوں کی قربانی دے رہی ہے، اہل فلسطین کیخلاف کی جانیوالی سازشیں اگرچہ بہت گہری ہیں مگر بہادر اور غیور فلسطینیوں نے ہر مرحلے پر اسرائیلی و امریکی جارحیت کا سامنا کیا، انہوں نے کوئی کمزوری دکھائی نہ ہی سودے بازی کی۔

آج ڈونلڈ ٹرمپ عالمی قوانین کو اپنے پاؤں تلے روندتا ہوا دھڑلے سے کہتا ہے کہ وہ فلسطین کا کنٹرول سنبھالے گا مگر اس پر دُنیا خاموش ہے، اقوام متحدہ جیسے بڑے ادارے کو بھی سانپ سونگھ گیا، انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں بھی چپ کا روزہ رکھے ہوئے ہیں، آج گریٹر اسرائیل کا نقشہ جاری کیا جاتا ہے جس میں مقبوضہ فلسطین کے علاقوں کے علاوہ اُردن، شام، لبنان اور دیگر عرب ممالک کو صیہونی ریاست کا حصہ دکھایا گیا، آج نیتن یاہو سعودی عرب سے کہتا ہے کہ فلسطینیوں کو اپنی سرزمین پر لے جا کر آباد کرو کیونکہ گریٹر اسرائیل ان کا خواب ہے، اسرائیل کے قدم مضبوط کرنے کیلئے جو سازشیں ہو رہی تھیں، لمحہ موجود میں وہ سازشیں اژدھا بن کر پوری اُمت مسلمہ کے سامنے کھڑی ہو چکی ہیں جس پر مسلمان حکمران تو خاموش ہیں مگر قربان جاؤں آج بھی فلسطینی اپنی سرزمین کی حفاظت کیلئے قربانیاں دے رہے ہیں، اپنے بچوں کو قربان کر رہے ہیں، جوان، بوڑھے سبھی شہادت کی نعمت سے سرفراز ہو رہے ہیں مگر وہ ہار نہیں مان رہے، یہی اسرائیل، امریکا اور اس کے حواریوں کی سب سے بڑی شکست ہے۔ فلسطین ایک انقلاب در انقلاب اور مسلسل جدوجہد کا نام ہے۔

آج اسرائیلی فورسز کی جانب سے فضائی حملوں کے دوران ہسپتالوں پر بمباری کی جا رہی ہے، اقوام متحدہ کے کیمپوں کو بھی بے دریغ نشانہ بنایا جا رہا ہے، فلسطینی ماؤں کی گود میں بچوں کو خون سے لت پت کر دیا جاتا ہے، ظلم و جبر کا ننگا ناچ دیکھا جا رہا ہے، انسانیت کیخلاف اسرائیل کی جانب سے برہنہ جرائم کئے جا رہے ہیں، نیتن یاہو کے قریب فلسطینی مسلمانوں کو شہید کرنا ایک کھیل تماشے سے کم نظر نہیں آرہا جو ہمارے کلیجے شق کر رہا ہے مگر ہم انتہائی مجبوری کی حالت میں یہ سب دیکھنے پر مجبور ہیں۔ آج اہل غزہ کو بیک وقت کئی محاذوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ایک جانب ظالم اسرائیلی فورسز کی کارروائیاں ہیں تو دوسری جانب اسبابِ دُنیا اور کھانے پینے کی اشیاء کی کمی کا سامنا ہے، رہنے کیلئے چھت نہیں، پینے پانی تک میسر نہیں، جس سے یہ واضح ہو رہا ہے کہ ارادۃً فلسطینیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔

7 اکتوبر 2023ء سے جاری اسرائیلی حملوں میں اب تک 50 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، لاکھوں فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں، خوراک کی قلت، ادویات کی کمی، موسم کی شدت کا سامنا نہ کرنے سے ہونیوالی اموات اس کے علاوہ ہیں۔ یونیسف کی رپورٹ کے مطابق صرف غزہ میں 10 لاکھ بچے غذائی قلت کا شکار ہیں۔ اسرائیلی فوج کی طرف سے حالیہ دنوں میں نئی نقل مکانی کے احکامات کے بعد اقوام متحدہ کے ادارے 'یونیسیف'' نے بھی بچوں کی خوراک کی کمی سے نمٹنے والے ادارے کی سرگرمیاں روک دی ہیں۔ غزہ کی پٹی پر ان مقاصد کیلئے 21 مراکز قائم کئے گئے تھے لیکن غزہ میں جاری اسرائیلی جنگی جارحیت اور انخلاء کیلئے جاری کردہ احکامات کے بعد یہ ممکن نہیں رہا تھا کہ یونیسف نامی ادارے عملاً مایوس ہو کر کام بند کر دیا ہے۔ یونیسف کے مطابق اسرائیلی فوج نے پچھلے 35 دنوں سے غزہ میں خوراک کی ترسیل مکمل طور پر بند کر رکھی ہے' اسی طرح غزہ میں ادویات اور طبی سامان کی ترسیل بھی روکی ہوئی ہے۔

آج غزہ حقیقی معنوں میں اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے، علاقے میں ہولناک مناظر دیکھنے کو مل رہے ہیں، اسرائیل نے غزہ جانیوالے راستوں پر ناکہ بندی کر کے اشیائے خورونوش کا پہنچنا بھی ناممکن بنا دیا ہے۔ صیہونی بے حسی عروج پر ہے، خوراک کے اس بحران کی وجہ سے درجنوں بچوں کی اموات کی خبریں سننے کو مل رہی ہیں۔ غزہ کی صورتحال اتنی ابتر ہے کہ شاید آج تک انسانی تاریخ میں ایسے مناظر نہ دیکھے گئے ہوں۔ اسرائیل کی جانب سے طبی امدادی کارکنوں کو بھی نہیں بخشا جا رہا، ریڈ کراس کے عملے پر اسرائیلی حملے کی ویڈیو منظر عام پر آنے کے باوجود سب خاموش ہیں۔ امدادی کارکنوں، پیرامیڈکس اور سول ڈیفنس کی ٹیموں پر حملے کے اثرات بہت سنگین ہیں۔ کیا بین الاقوامی برادری یہ دیکھنا چاہتی ہے کہ ہیلتھ ورکرز اپنے انسانی مشن کی تکمیل بند کر دیں؟ اگر ان مجرموں کو سزا نہیں دی گئی اور یہ اسرائیلی بے رحمی سے کام کرتے رہے تو وہ فلسطینی آبادی میں مزید جنگی جرائم اور مزید قتل عام کا ارتکاب کرتے رہیں گے۔ اگر اسرائیل کے سامنے بندش نہ لگائی گئی تو مستقبل میں اس سے بھی بدتر واقعات پیش آنے کا خدشہ ہے، کیونکہ طبی عملے، ایمبولینس اور محکمہ شہری دفاع کے مزید ارکان کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے اور قتل کیا جا سکتا ہے۔ اسرائیلی مظالم اور جنگی جرائم رُکنے کا نام نہیں لے رہے مگر اس سب کے باوجود 50 سے زائد مسلم ممالک کے حکمران چپ کا روزہ رکھ کر صرف زبانی کلامی غزہ، خان یونس اور رفح کے باسیوں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اسرائیل کے مظالم پر مسلم اُمہ کا کردار اور اقدامات ناکافی ہیں کیونکہ صرف مذمتی بیانات سے اسرائیل اور امریکا کو روکا نہیں جا سکتا بلکہ اس کیلئے فوری طور پر عملی اقدامات ضروری ہیں، اُمت کا اتحاد ضروری ہے۔ تمام مسلمان ممالک کی جانب سے متحد و یکجا ہو کر اقوام عالم کے سامنے ڈٹ کر پیغام جانا چاہئے کہ ہم اہل غزہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہمیں مذمتی قراردادوں سے آگے بڑھنا ہو گا، فلسطینیوں کی نسل کشی کیخلاف آواز بلند کرنا ہو گی کیونکہ اسرائیل نے درندگی کی تمام حدیں عبور کر لی ہیں، غزہ لہولہو ہے، آج اگر ہم غزہ کی مظلوم عوام کیلئے نہ کھڑے ہوئے تو روزِ محشر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کیا جواب دینگے، مسلم حکمرانوں یہ جان لیں اگر ہم آج خاموش رہے تو کل غزہ کے بعد کسی بھی مسلمان ملک کی باری آ سکتی ہے اور پھر دیگر ممالک بھی تماشا دیکھیں گے جیسا کہ آج دیکھ رہے ہیں۔ غزہ میں روزانہ مسلمان شہید کئے جائیں اور اربوں مسلمان چپ رہیں یہ ہماری ناکامی ہے، غزہ کی صورتحال پر ہمیں اپنے ضمیر کو جھنجھوڑنا اور ٹٹولنا ہو گا۔ قیامت کے دن فلسطینی مسلمانوں کے ہاتھ اُمت مسلمہ کے بزدل حکمرانوں کے گریبانوں میں ہوں گے۔ یہودیت کا بے پناہ ظلم اور تنہا فلسطین لہولہان جو پکار رہا ہے یاخی یااخی، اس توقع پر کہ شاید اس کے بھائی جاگ جائیں، ایک ہو جائیں، شاید!

آج اہل غزہ اپنے بیٹوں کے جنازے کندھوں پر صرف اس لئے اٹھا رہے ہیں کہ وہ اپنے ملک میں آزادی کیساتھ جینا چاہتے ہیں، آزاد فضا میں سانس لینا چاہتے ہیں جس کی وہ بہت بڑی قیمت چکا رہے ہیں۔ آج رات بہت کالی ہے، بھیانک ہے مگر اسے کٹ ہی جانا ہے، ظلم کی کہیں تو انتہا ہو گی کیونکہ فلسطینی سینہ سپر ہیں، اُمید ہے وہ ظلم و ستم کے کوہِ گراں کو روئی کی طرح اڑا کر رکھ دیں گے اور ارضِ مقدس کو صیہونی پنجوں سے ضرور چھڑوا لیں گے، آج فلسطینی خوف کے بت توڑ چکے ہیں، صف بستہ ہیں، انہیں کوئی ڈر نہیں کیونکہ ان کی منزل جنت ہے، وہ ضرور جیت کر ہی رہیں گے۔ ان شاء اللہ عزوجل

آخر میں حامد اظہر کی نظم ''میں فلسطین ہوں'' سے چند اشعار

عہدِ حاضر کا سلگتا ہوا عنوان ہوں میں
غور سے دیکھ فلسطین کا انسان ہوں میں
سرخ ہوتی ہے زمیں میرے لہو سے ہر دِن
تختۂ مشق ہوں دِلجوئی کا سامان ہوں میں
فصل کی طرح مجھے کاٹا گیا برسوں تک
جس کو لوٹے ہے یہودی وہی کھلیان ہوں میں
گرچہ کمزور ہوں، تنہا ہوں، نہتا بھی ہوں
پھر بھی باطل کیلئے ایک نیا ہیجان ہوں میں
کفر نے لاکھ لگائی مری قیمت لیکن
جو کبھی بکتا نہیں ہے وہی ایمان ہوں میں
کٹ تو سکتا ہوں مگر جھک نہیں سکتا اظہر
کفر کے سامنے فولاد کی چٹان ہوں میں

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محجوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق